اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# مَدَنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ (ویڈیولنک)

| | | |
|---|---|---|
| 12 محرم الحرام 1443ھ | عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی اور مختلف مقامات | 21، اگست 2021ء |

**یوم دعوتِ اسلامی کے بارے میں امیر اہل سنت کے فرامین:**

شیخ طریقت، امیر اہلِ سُنّت حضرت علّامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ نے 21، اگست 2021ء کو بعدِ عشاء ہونے والے مدنی مذاکرے میں ارشاد فرمایا: بچے کی سالگرہ میں خوشی منائی جاتی ہے، ہماری پیاری تحریک دعوتِ اسلامی کے 40 سال مکمل ہو رہے ہیں تو ہمیں بھی خوشی منانی چاہئے، ایک باریک نقطہ بھی ہے کہ بچے کی قسمت میں جو عمر لکھی جاتی ہے ایک سال مکمل ہونے پر اس کی زندگی کا ایک سال کم ہو جاتا ہے جبکہ دعوت اسلامی کا تو ایک سال بڑھ جاتا ہے، یوم دعوتِ اسلامی کو مَیں نے نئے کپڑے پہننے کی نیّت کی ہے، آپ بھی پہن سکتے ہیں، تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں 2 ستمبر کو شکرانے کے دو نوافل ادا کریں، ائمہ کرام 2 ستمبر کو عشاء کی نماز کے بعد شکرانے کے دو نوافل باجماعت ادا کرنے کا اہتمام فرمائیں، ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کیجئے، میری خواہش ہے کہ ہفتے کو ہونے والے مدنی مذاکرے کے اجتماعات میں اسلامی بھائی سفید لباس اور سفید عمامے میں شرکت کریں، جامعۃ المدینہ کے طلبہ بھی سفید لباس اور سفید عمامے میں بھرپور شرکت کریں، اس موقع پر اپنی گاڑیوں پر مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والے اسٹیکرز لگائیں۔

**یوم دعوتِ اسلامی منانے کا شیڈول:**

۞۔ یوم دعوتِ اسلامی کی تقریبات کا آغاز 2 ستمبر 2021ء بروز جمعرات ہفتہ وار اجتماع سے ہو گا، مبلغین دعوتِ اسلامی کی 40 سالہ خدمات پر بیانات کریں گے، یہ بیان پاکستان مشاورت آفس سے میل (mail) اور واٹس ایپ (WhatsApp) کیا جائے گا۔ اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع میں سینے پر دعوت اسلامی کا بیج لگائے، ہاتھوں میں دعوتِ اسلامی کا پرچم تھامے شرکت کریں۔

۞۔ بروز جمعرات 2 ستمبر 2021ء کو عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ کراچی میں امیر اہل سنت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ تقریباً رات 09:30 بجے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں بیان فرمائیں گے، جو براہِ راست مدنی چینل پر ٹیلی کاسٹ ہو گا، بعدِ اجتماع مدنی چینل پر یوم دعوتِ اسلامی کے بارے میں سلسلہ ہو گا، امیر اہلِ سنّت بھی اس میں تشریف لائیں گے۔ جن مقامات پر ممکن ہو امیر اہل سنت کا بیان اور بعد میں ہونے والا سلسلہ دکھانے کی ترکیب بنائی جائے۔

۞۔ بروز جمعہ 3 ستمبر 2021ء کو علماء و ائمہ کرام نمازِ جمعہ سے پہلے دعوتِ اسلامی کی 40 سالہ خدمات پر بیانات فرمائیں گے، مدنی چینل پر بھی صبح تا رات گئے تک اس سلسلے میں نشریات جاری رہیں گی، بعدِ عشا ہونے والے سلسلے "ماضی کی یادیں" میں دعوتِ اسلامی کے بارے میں گفتگو ہو گی، اس سلسلے کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں امیر اہل سنت علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ بنفس نفیس تشریف لائیں گے۔

۞۔ یوم دعوتِ اسلامی کی سب سے بڑی تقریب بروز ہفتہ 4 ستمبر 2021ء کو بعدِ نماز عشاء ہفتہ وار مدنی مذاکرے کے (جہاں قانونی طور پر اجازت ہو) میدان اجتماعات کی صورت میں ہو گی۔ اسلامی بھائی ان اجتماعات میں سفید لباس اور سفید عمامہ پہنے، سینے پر دعوتِ اسلامی کا بیج لگائے، ہاتھوں میں دعوتِ اسلامی کا پرچم تھامے ایس او پی کا خیال رکھتے ہوئے شرکت کریں۔ یہ میدان اجتماع ہر ہر کابینہ یا دو کابینہ کو ملا کر ایک مقام پر کئے جائیں۔

۞۔ بروز اتوار، 5 ستمبر 2021ء صبح 09:00 بجے سے مدنی چینل پر یوم دعوتِ اسلامی سے متعلق نشریات کا آغاز ہو گا جو شام تک جاری رہیں گی۔

**یوم دعوتِ اسلامی کے لیے تیاریاں:**

۞۔ دعوتِ اسلامی کے 40 سال مکمل ہونے پر "2 ستمبر یوم دعوتِ اسلامی" منانے کی بھرپور تیاریاں کی جائیں ☆ اپنے اندر "یوم دعوتِ اسلامی" منانے کا جذبہ اور جوش و خروش پیدا کیجئے، ان شاء اللہ الکریم اس کے اثرات دنیا بھر میں محسوس کئے جائیں گے ☆ کوئی کام اس وقت تک شاندار انداز میں نہیں ہو سکتا جب تک اُسے اوڑھ نہ لیا جائے، موتی ہمیشہ گہرائی میں غوطہ لگانے والے کو ہی ملتا ہے ☆ کوئی کام "ہونے" اور "شاندار ہونے" میں واضح فرق ہے۔

**شعبوں میں یوم دعوتِ اسلامی کی تیاریاں:**

۞۔ عاشقانِ رسول 2، 3، 4 ستمبر 2021ء جمعہ تا اتوار مدنی قافلوں میں سفر کرنے کے لیے ہفتہ وار اجتماع میں اپنے ساتھ زادِ سفر لے کر آئیں اور جمعہ تا اتوار مدنی قافلے میں سفر کر کے یوم دعوتِ اسلامی منائیں۔

۞۔ تمام نگرانِ مجالس اپنے اپنے شعبے کے اسلامی بھائیوں سے مشورے کریں اور ان کا شعبہ کس طرح "یوم دعوتِ اسلامی منانے میں اپنا حصہ لے گا؟" اس کے مدنی پھول اور لائحہ عمل طے کریں۔

۞۔ شعبۂ میڈیا ڈیپارٹمنٹ دعوتِ اسلامی کے بارے میں اخبارات میں مضامین شائع کروائے۔

۞۔ شعبۂ تعلیم اسکولز کالجز میں یوم دعوتِ اسلامی کے اجتماعات منعقد کرے۔ ایم فل، پی ایچ ڈی کرنے والوں اور یونیورسٹیز کے وائس چانسلر حضرات کے تاثرات لے کر مدنی چینل کو بھیجے جائیں۔

۞۔ شعبۂ رابطہ برائے تاجران مارکیٹوں میں یوم دعوتِ اسلامی کے اجتماعات منعقد کرے۔

۞۔ جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ اور دارالمدینہ میں اراکین شوریٰ اور مبلغین کے یوم دعوتِ اسلامی سے متعلق بیانات کروائے جائیں۔

۞۔ مدنی مراکز پر شرعی رہنمائی لے کر مدنی پرچم لگائے جائیں۔

۞۔ یوم دعوتِ اسلامی منانے کے تمام معاملات کی شرعی رہنمائی اراکینِ شوری حاجی محمد امین عطاری اور حاجی عبد الحبیب عطاری لیں گے۔

**تاثرات لینے کے بارے میں مدنی پھول:**

۞۔ شعبہ ازدیادِ حُب اوائلِ دعوتِ اسلامی سے منسلک ہونے والے اسلامی بھائیوں کے تاثرات لے، نگران ریجن اس میں اپنا کردار ادا کریں، فوت ہونے والے ذمہ داران کے بچوں یا دیگر رشتہ داروں سے بھی تاثرات لئے جائیں۔

۞۔ شعبۂ اصلاح برائے قیدیان اُن قیدیوں کے تاثرات ریکارڈ کرے، جن میں دعوتِ اسلامی کی وجہ سے تبدیلی آئی اور وہ راہِ سنت کے مسافر بن گئے، ان کے والد اور بھائیوں کے تاثرات بھی مفید ہوں گے۔

۞۔ مختلف ممالک کے بچوں سے ان کے ملک کے مذہبی لباس میں ☆ "یوم دعوتِ اسلامی مبارک ہو" ☆ شکریہ دعوتِ اسلامی ☆ **I Love Dawateislami** وغیرہ جملے ریکارڈ کروائے جائیں، اس کی اچھی ویڈیو بنا کر مدنی چینل کو بھیجی جائیں۔

۞۔ مجلس رابطہ برائے شخصیات کے تمام شعبے، شعبہ رابطہ بالعلماء اور شعبۂ تعلیم کے نگران اپنے اپنے شعبے کی اہم ترین شخصیات کے نام منتخب کر کے اپنے ذمہ داران کو دیں اور ان کے یوم دعوتِ اسلامی کے بارے میں تاثرات لئے جائیں۔

۞۔ اسپیشل پرسن ڈیپارٹمنٹ سے منسلک گونگے بہرے اسلامی بھائیوں کے والد اور بھائیوں نیز نابینا اسلامی بھائیوں کے تاثرات لئے جائیں۔

۞۔ شعبۂ فیضان اسلام بھی نیو مسلم (New Muslim) سے تاثرات لینے کی ترکیب بنائے۔

۞۔ مختلف ممالک کے جامعۃ المدینہ کے طلبہ کے تاثرات لئے جائیں۔

۞۔ آئندہ "یوم دعوتِ اسلامی" کی تیاریاں 4 ماہ پہلے مئی سے شروع کی جائیں۔

تاریخ اجراء: 15 محرم الحرام 1443ھ / 24 اگست 2021ء